# مطبوعات

**اللؤلؤ والمرجان** مرتب: جناب محمد فؤاد عبدالباقی۔ عربی سے ترجمہ: سید شبیر احمد ناشر: اسلامک بک پبلشرز، پوسٹ بکس نمبر ۲۰۲۱، صفات، کویت۔ پاکستان میں ملنے کا پتہ: البدر پبلیکیشنز، ۲۳ راحت مارکیٹ، اردو بازار لاہور۔

امام مسلمؒ اور امام بخاری کی متفق علیہ احادیث کا یہ مجموعہ اپنے سلسلے کی جلد اول ہے۔ سب سے پہلے تو قابل داد ہے وہ طباعتی معیار جس کے ساتھ یہ مجموعہ لایا گیا ہے ــــ ۱۰۹۶ احادیث کے تراجم کا یہ مجموعہ جو بڑے سائز کے ۴۱۵ صفحات پر مشتمل ہے، نہایت نفیس کاغذ پر برمنگھم (انگلینڈ) میں مسلم پرنٹرز اینڈ بک سیلرز کے اہتمام سے چھپا ہے۔ اور اس کی جلد بندی اور جلد پر سنہری عنوان اور ڈیزائن بہت خوشنما ہے۔

قیمت ۱۲۵ روپے ہے جو کتاب اور اس کے معیار کے لحاظ سے ارزاں معلوم ہوتی ہے۔ دراصل احادیث کے بڑے بڑے مجموعوں سے تو اہل علم زیادہ کام لیتے ہیں، عام پیروانِ دین کے لیے منتخب احادیث کے مختصر مجموعے زیادہ مفید رہتے ہیں۔ اسی ضرورت کو سامنے رکھ کر جناب کرامت شیخ (اسلامک بک پبلشرز) نے یہ کتاب پیش کی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کی بہت قدر افزائی اور پذیرائی ہوگی۔

---

**رحمتِ دارین کے سو شیدائی** از جناب طالب ہاشمی۔ ناشر: شعاع ادب، زیر مسلم مسجد چوک انارکلی لاہور۔ (ترجمان القرآن سائز کے) ۴۰۶ صفحات، کاغذ، کتابت، طباعت